aglasem.com

FOR KARNATAKA CLASS 10 PREPARATION

Karnataka SSLC Model Question Paper 2027 for Urdu First Language (Paper 2) Key Answers

EXAM	YEAR	TYPE	SUBJECT
Karnataka Class 10	2027	Answer Key	Urdu

12-U

ಕರ್ನಾಟಕ ಶಾಲಾ ಪರೀಕ್ಷೆ ಮತ್ತು ಮೌಲ್ಯನಿರ್ಣಯ ಮಂಡಲಿ,

ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ ಬೆಂಗಳೂರು-560 003

KARNATAKA SCHOOL EXAMINATION AND ASSESSMENT BOARD

Malleshwaram, Bengaluru-560 003

2026-27ರ ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ ಮಾದರಿ ಪ್ರಶ್ನೆ ಪತ್ರಿಕೆ-2

S.S.L.C. MODEL QUESTION PAPER-2 :2026-27

ಮಾದರಿ ಉತ್ತರಗಳು

MODEL ANSWERS

ವಿಷಯ: ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ-ಉರ್ದು

Subject: **FIRST LANGUAGE - URDU**

ವಿಷಯ ಸಂಕೇತ: 12-U **Subject Code: 12-U**

ಸಮಯ: 3ಗಂಟೆ 15ನಿಮಿಷಗಳು] [Time: 3 Hours 15 Minutes

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು: **100**] [Max Marks: **100**

عام ہدایات :

1. اس سوالی پرچہ میں 45 سوالات ہیں۔
2. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالات کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
3. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔

Turn Over]

12-U

4. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

I-درج ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دیے گئے ہیں، صحیح جواب کا منتخب کر کے لکھئے۔ 6 X 1 = 6

1. عموماً شعراء مجموعہ کلام کی ابتدا اس صنف سے کرتے ہیں۔

(A) قصیدہ (B) حمد

(C) نعت (D) مناجات

جواب: (B) حمد

2. کلام میں کسی واقعہ، قصہ یا روایت کی طرف اشارہ کرنا کہلاتا ہے۔

(A) صنعتِ تلمیح (B) صنعتِ تکرار

(C) صنعتِ استعارہ (D) صنعتِ اشارہ

جواب: (A) صنعتِ تلمیح

3. رباعی میں مصرعوں کی تعداد ہوتی ہے۔

(A) چار (B) پانچ

(C) چھ (D) سات

جواب: (A) چار

4. وہ جملہ جو دو مفرد جملوں سے بنا ہو۔

(A) جملہ ءخبریہ (B) جملہ ءانشائیہ

(C) مفرد جملہ (D) مرکب جملہ

جواب: (D) مرکب جملہ

5. معنی کے لحاظ سے جملے کی قسمیں ہیں۔

(A) دو (B) تین

(C) چار (D) پانچ

جواب: (A) دو

6. مہربانی فرما کر مجھے اس عذاب سے نجات دلائے۔اس جملہ ءانشائیہ میں ظاہر ہونے والا جذبہ ہے۔

(A) شرط (B) تمنا

(C) عرض (D) ندا

Turn Over]

12-U

جواب: C) عرض

II. پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔ 4 X 1 = 4

7. عرش : فرش :: زمین : .....

جواب: آسمان

8. مہاتما : عظیم روح والا :: سحر طراز : .....

جواب: جادو کرنے والا

9. سحَر : صبح :: سحِر : .....

جواب: جادو

10. لاپتہ : سابقہ :: وفادار : .....

جواب: لاحقہ

III. درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھے۔ 7 X 1 = 7

11. جس جگہ حویلی تھی وہاں اب کیا تعمیر ہو چکے ہیں؟

جواب: جگہ حویلی تھی اب وہاں فلیٹ تعمیر ہو چکے ہیں۔

12. رگھوپتی سائے فراقؔ یونیورسٹی میں کونسا مضمون پڑھایا کرتے تھے؟

جواب: رگھوپتی سہائے فراق یونیورسٹی میں انگریزی مضمون پڑھایا کرتے تھے۔

13. تاریخ میں آج بھی کس بات کا ماتم کیا جاتا ہے؟

جواب: تاریخ میں آج بھی ناانصافی بات کا ماتم کیا جاتا ہے۔

14. مصنف کے اپنے سونے کے عمل کو چھپانے کے لئے کونسے جھوٹ کا سہارا لیا؟

جواب: مصنف کے اپنے سونے کے عمل کو چھپانے کے لئے نماز کے جھوٹ کا سہارا لیا۔

15. حضورؐ نے " مرنے " سے متعلق کیا فرمایا؟

جواب: حضورؐ نے مرنے کو شہادت " فرمایا۔

16. شاہِ دین کو روکنے کے لئے سکینہ نے کیا کیا؟

جواب: شاہِ دین کو روکنے کے لئے سکینہ نے حضرت امام حسین چکے میں ہاتھ ڈال رکھا تھا۔

17: مچھرا اپنے آپ کو کیا کہتا ہے؟

جواب: مچھرا اپنے آپ کو فن کار کہتا ہے۔

IV. درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے۔ 10 X 2 = 20

Turn Over]

12-U

18. نویں ذی الحجہ کو عازمینِ حج نے کیا کیا؟

جواب: * صبح نماز پڑھ کر منیٰ سے روانہ ہوئے۔

* عام مسلمانوں کے ساتھ عرفات اگر ٹھہرے دوپہر ڈھل گئی تو" قصواپر سوار ہو کر میدان میں آئے۔

* اسی کو اونٹنی پر بیٹھے بیٹھے حج کا خطبہ دیا۔

19. نہرو اور جوشؔ کی دوستی کس قسم کی تھی؟

جواب: * جوش اور نہرو جی کی دوستی بڑی گہری تھی۔

* جب چاہتے نہرو سے ملاقات کے لئے وقت مل جاتا۔

* دونوں میں چوٹیں بھی چلتیں اور ہنسی ٹھٹھا بھی ہوتا۔

20. آپسی تہذیب سے کس قسم کی تاریخ وجود میں آئے گی؟

جواب: * آپسی تہذیب سے ایک نئی تاریخ وجود میں آئے گی۔

* جو ساری دنیا کو امن بھائی چارے سکون اور سلامتی کا پیغام دے گی۔

21. ودیاچرن جی نے تقریر میں کس کی بات کرنے اور کس کی بات چھوڑنے کا حکم دیا؟

جواب: * ودیاچرن جی نے تقریر میں پرانے قصوں کو چھوڑنے اور اپنے بچوں کی بات کرنے کا حکم دیا۔

* بچوں کی اسکول فیس اور کتابوں کی قیمت کی بات کرنے کے لئے کہہ رہے ہیں۔

* مندر اور مسجد ماضی کے کھنڈروں میں تاریخ کے آثار کو دیکھنا چھوڑ کر مہنگائی اور بے روزگاری کی بات کرنے کے لئے کہہ رہے ہیں۔

22. 1958 کو انجمنِ ترقی اُردو کانفرس کے افتتاحی اجلاس کو خطاب کرتے ہوئے نہرو نے کیا کہا؟

جواب: * مجھے اردو کے بارے میں بالکل فکر نہیں۔

* وہ ایک جاندار زبان ہے۔ اسے دبانا یا ختم کرنا ممکن ہے۔

* میری خواہش ہے کہ اُردو ترقی کرے، پھلے پھولے۔

23. شاعر جوشؔ ملیح آبادی کی نظر میں رشوت نہ لینے سے کیا کیا نقصان ہوتا ہے؟

جواب: * شاعر کی نظر میں رشوت نہ لینے سے وہ اپنی ضرورت کی چیزوں کو پانا مشکل ہے۔

* اگر رشوت نہ لیں تو اس مہنگائی کی دور آرام اور آرائش کی زندگی گزارنا مشکل ہے۔

24. حضرت اِمام حسین اُمت کے واسطے کیا کچھ کر گذرنا چاہتے تھے؟

جواب: * وہ اپنے بچپن میں کئے وعدہ کو سچ کرنا چاہتے تھے۔

* ایمان کے خاطر اپنی جان دینے اور لہو بہانے انہیں گوارا تھا۔

* اُمت کو بخشوانے کے لئے پیاسا مرنا بھی منظور تھا۔

Turn Over]

12-U

25. حضورؐ کی آمد سے قبل دنیا کا کیا عالم تھا؟

جواب: * دنیا میں ہر طرف کفر نے فتنے پھیلا رکھے تھے۔

* انسان سے انسان ٹکراتے یعنی دوشمی عام تھی۔

* ظلم وستم حد سے بڑھ گیا تھا۔ طاقت والے کمزوروں کو پامال اور برباد کر دیا تھا۔ دنیا کا امن وامان ختم ہو چکا تھا۔

26. پھنس گیا ہے خود اپنے ہی ہاتھوں بنائے ہوئے جال میں اِس کی وضاحت کیجئے۔

جواب: * اللہ تعالیٰ نے جب دنیا بنائی انسان جہاں چاہیے اپنا گھر بنالیتا۔

* لیکن انھوں نے خود زمین پر سرحدویں بنائیں اور اپنی بنائی سرحدوں کے جال میں پھنس کر اپنی آزادی محدود کر لیا۔

27. شاؔد عظیم آبادی نے رُباعی میں کونسی حقیقت بیان کی ہے؟

جواب: * دنیا کے دن رات اسی طرح گردش کرتے رہیں گے۔

* انسان آتے جاتے رہیں گے، اور یہ دنیا اسی طرح قیام تک رہے گی جیسے اب ہے۔

V. درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔ 11X3=33

متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے۔

28. " تم سے خدا کے ہاں، میری نسبت پوچھا جائے گا تو تم کیا جواب دوگے؟"

جواب: * یہ جملہ " حجۃ الوداع " سبق سے لیا گیا ہے۔

* اس کے مصنف سید سلیمان ندوی ہیں۔

* حضورؐ نے لوگوں سے عرفات کے میدان میں خطاب کرتے ہوئے کہا۔

29. " یقیناً میں نے کہا ہے موجودہ گورنمنٹ ظالم ہے " ۔

جواب: * یہ جملہ " قول فیصل " سبق سے لیا گیا ہے۔

* اس کے مصنف "مولانا ابوالکلام آزاد" ہیں۔

* مولانا آزاد نے عدالت کے کٹہرے میں کھڑے ہو کر انگریزی حکومت کی جانب سے ہندوستانیوں پر ہونے والے ظلم اور زیادتی کے متعلق کہا۔

30. "جاگنا نمبر 1 – چھ بجے، جاگنا نمبر 2– دس بجے دوران لالہ جی آواز دیں تو.....

جواب: * یہ جملہ "سویرے جو کل آنکھ میری کھلی" سبق سے لیا گیا ہے۔

* اس کے مصنف " پطرس بخاری " ہیں۔

* کالج کے ہال میں لالہ جی سے ملاقات کے بعد مصنف نے اپنے حسب معمول سونے اور جاگنے کے عمل کا ذکر کرتے ہوئے یہ جملہ کہا۔

درج ذیل نثر نگار کا تعارف لکھئے۔

31. اداؔ جعفری

Turn Over]

12-U

جواب: *نام: عزیز جہاں قلمی نام: ادا جعفری تخلص : ادا

*پیدائش : اگست22 بدایوں1926 وفات: 12مارچ2015

* قابلیت: ادبی دنیا میں ادا جعفری کے نام سے مشہور ہوئے۔24 سال کی عمر میں ان کا پہلا شعری مجموعہ " میں ساز ڈھونڈتی رہی" کے نام سے شائع ہوں۔

* تصانیف: " غزالاں تم تو واقف ہو"۔ شہر سخن بہانہ ہے۔ اور شہر درد"۔

درج ذیل شاعر کا تعارف لکھئے۔

32. فرقؔ گورکھپوری

جواب: *نام رگھوپتی سہائے قلمی نام: فراق گھورکھپوری تخلص: فرقؔ

پیدائش: اگست28 گورکھپور1896 وفات: مارچ3 1982

* قابلیت: الہ آباد سے، ایف اے کی تعلیم مکمل کیا۔ آگرہ سے انگریزی میں ایم اے، کیا۔ آئی سی ایس کے لئے منتخب ہوئے۔

* ساہتیہ اکادمی انعام، سویت لینڈ نہرو ایوارڈ، غالب اکاڈمی گیان پیٹھ انعام۔

درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔

33. یہ عشق نے دیکھا ہے، یہ عقل سے پنہاں ہے

قطرے میں سمندر ہے، ذرے میں بیاباں ہے

جواب: * یہ شعر اصغرؔ گونڈوی کی غزل سے لیا گیا ہے۔

* یہ عقل کے بس کی بات نہیں، یہ عقل کا کمال ہے۔

* جس نے قطرے میں سمندر اور ذرہ میں بیاباں کو دیکھا ہے۔

34. ترے عشق کی انتہا چاہتا ہوں

مری سادگی دیکھ کیا چاہتا ہوں

جواب: * یہ شعر علامہ اقبالؔ کی غزل سے لیا گیا ہے۔

* شاعر خدا سے مخاطب ہو کر کہتا ہے۔ اے خدا تو میری سادگی اور معصومیت کو دیکھ تیرے عشق سے زیادہ کوئی چیز اہم نہیں۔

* میری خواہش ہے کہ تیرے عشق کی انتہا کو پہنچ جاؤں۔ یہی میری زندگی کی معراج ہے۔

35. آتی نہیں ہے راس ہمیں منزلِ وفا

اِس راہ میں فریب بہت کھا چکے ہیں ہم

جواب: * خلیل مامون کی غزل سے لیا گیا ہے۔

* شاعر کہتا ہے کہ ہماری قسمت میں وفا نہیں ہے جن لوگوں سے ہم وفا کی۔

* اس کے بدلے میں ہمیں ہمیشہ بے وفائی ملی ہے۔

Turn Over]

12-U

درجِ ذیل کے ایک لفظ میں جواب دیجئے۔

36. i) چاہنے والا

i) عزت والا

iii) نہ ملنے والا

جواب: i) چاہنے والا : عاشق ii) عزت والا : معزز iii) نہ ملنے والا : نایاب

37. جملۂ خبریہ کی تعریف مع مثال لکھئے۔

جواب: * جملہ خبریہ وہ جملہ ہے جس میں کسی واقعہ، کیفیت یا صورت حال کی خبر دے۔

مثال: نہرو جی نے مولانا آزاد سے اُردو کا درس لیا کرتے تھے۔

38. صنعتِ تشبیہ کی تعریف لکھئے، کوئی دو ارکان کے نام لکھئے۔

یا

صنعتِ تضاد کی تعریف مع مثال لکھئے۔

جواب: کسی دو الگ چیزوں کو ان کی مشترک صفت کی بنا پر ایک دوسرے کی مثال دی جائے، اسے صنعت تشبیہ کہتے ہیں۔

i) مشبہ ii) مشبہ بہ

یا

شعر کی ایسی خصوصیت کو جس میں متضاد الفاظ استعمال ہوتے ہیں اُسے صنعت تضاد کہتے ہیں۔

مثال: بچ حسن تعین سے، ظاہر ہو کہ باطن ہو یہ قید نظر کی ہے، وہ فکر کا زنداں ہے

VI. درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے۔ 5 X 4 = 20

39. اپنی نصابی کتاب میں شامل " حمد " کے کوئی چار اشعار لکھئے۔

یا

اپنی نصابی کتاب میں شامل "مرثیہ " کے آخری بند میں سے کوئی چار اشعار لکھئے۔

جواب: حمد

صدائے کن سے ابد تک شباب تیرا ہے

عیاں بھی تو ہے اور پنہاں حجاب تیرا ہے

کسی بھی در سے اُجالوں کی بھیک کیا مانگیں

اندھیری شب بھی تری آفتاب تیرا ہے

صنم ترے ہیں، خدا ناشناس بھی تیرے

Turn Over]

12-U

نماز عشق کا ہر اک نصاب تیرا ہے

رضا تری ہے، غفور الرا حیم بھی تو ہے

غضب و قہر بھی تیرا، ثواب تیرا ہے

یا

مرثیہ

بچپن میں جو زباں سے کہا ہے کریں گے ہم

کھائیں گے تیر ظالم، لہو میں بھریں گے ہم

حلق ابن زیر منجر قاتل دھریں گے ہم

امت کے بخشوانے کو، پیاسے مریں گے ہم

اب ہاتھ اُٹھاؤ فاطمہ کے نور عین سے

ہو گی کبھی نہ وعدہ خلافی حسین سے

یہ سن کے گر پڑی جو قدم پر وہ نوحہ گر

لپٹا لیا گلے سے بہن کو بہ چشم تر

رو کر کہا کہ ہوتا ہے ٹکڑے مرا جگر

زینب خدا کے واسطے، پیٹو نہ اپنا سر

خاصان حق کا خلق میں رتبہ بلند ہے

صابر رہو کہ صبر، خدا کو پسند ہے

40. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے۔

(i) آمدِ بہار

(ii) سرحدوں کا جال

جواب:

آمد بہار:

* آمد بہار شوق قدوائی کی لکھی ہوئی نظم ہے

* اس نظم شاعر موسم بہار کی آمد کے خوش نما مناظر کی تصویر کشی کی ہے۔

* بہار آنے سے ہوا اس کی آمد کا اعلان کرتی ہوئی کلیوں کو ہنساتے ہوئے گزر جاتی ہے۔

Turn Over]

12-U

* بہار کے آنے سے پہاڑوں سے صاف پانی بہ کر سمندر میں جاملتا ہے۔

* اور زمین سے سبز نکلنے لگتا ہے۔ بہار کی آمد نے خزاں پر خوف طاری کر دیا ہے۔

* اور درختوں نے دلہنوں کی طرح سرخ لباس پہن رکھا ہے۔

* شبنم درختوں کو دودھ پلاتی ہے۔ درخت کی جڑیں زمین کو مضبوطی سے جکڑ ہوئے ہیں۔

* اور انگاروں جیسے دکھائی دیتے ہیں۔

* ہزاروں رنگ کی چڑیاں اپنے ادائیں دلربا، صدائیں نغمہ زار اتراتی اور ناچتی گاتی بہار کا اعلان کر رہی ہیں۔

سرحدوں کا جال:

* سرحدوں کا جال سلیمان خمار کی لکھی ہوئی نظم ہے۔

* شاعر کہتا ہے اللہ تعالیٰ نے جب زمین بنائی تھی۔

* انسان کو آزادی تھی جہاں چاہے اپنا مسکن بنائے۔

* لیکن انسان نے ملک کی سرحدیں بنا کر اپنی آزادی ختم کرلی،

* اور پنے ہی بنائے جال میں پھنس گیا ہے۔

* ملک کی سرحدوں کو بنا کر اور آڑی ترچی لکیر کھینچ کر اپنی آزادی اور ترقی کو روک لیا ہے۔

* اور اپنے بنائے ہوئے جال میں پھنس گیا ہے۔

41. زعفران کے استعمال پر مختصر نوٹ لکھئے۔

جواب: * زعفران غذا تو نہیں لیکن خوش رنگ بناتا ہے۔

* یہ دوائی والی جڑی بوٹی پر یونانی اور ایورودیک دواؤں کی تیاری میں استعمال کیا جاتا ہے۔

* نزلہ پیٹ کا درد، بخار، کھانسی، اور ذیابطیس جیسی بیماریوں کے علاج کے لئے بھی فائدہ مند ہے۔

* خوب صورت چہرے کے نکھار کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

* زعفران کا استعمال مذہبی رسم میں کیا جاتا ہے۔ تبتی بھکشو اسے عبادت کے موقع پر استعمال کرتے ہیں۔

* کشمیر کی دل پسند مشروب قہوہ میں اس کا استعمال ہوتا ہے۔

* خطاط قرآن شریف اور اور مختلف کتابوں کی آرائش میں اس کا استعمال کرتے ہیں۔

42. امیر خسرو کی ابتدائی زندگی کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

یا

پرنسپل بھرت نارائن صاحب کے عقائد کیا تھا؟

Turn Over]

12-U

جواب: * امیر خسرو 4521ء بمقام مومن پورہ ضلع آگرہ میں پیدا ہوئے۔

* ان کے والد ترک تھے اور ان کا تعلق ہزارہ قبیلے سے تھا۔

* بچپن ہی سے بلا کے ذہین تھے۔ کم عمری میں خطاطی کا فن سیکھا پھر شعر و شاعری کی جانب راغب ہوئے۔

* ایک دفعہ ان کے استاد خواجہ سعد الدین اپنے شاگرد کے ہمراہ مشہور عالم خواجہ عزالدین کی محفل میں پہنچے،

* خسرو کا تعارف کرایا اور کہا کے یہ بچہ شعر بڑے اچھے ترنم سے پڑھتا ہے یہ سن کر مولوی نے ایک کتاب خسرو کے حوالے کی ہی اور چند اشعار پڑھنے کی فرمائش کی۔

* خسرو نے ترنم سے اشعار سنائے۔ جس پر وہ بے حد خوش ہوئے۔ استاد کے اصرار پر ان کی شعری صلاحیت کا امتحان لیا گیا۔

* امیر خسرو نے فی البدیہہ شعر کہہ کر خواجہ صاحب کو حیرت میں ڈال دیا۔

* امیر خسرو کی شعری صلاحیتیں پروان چڑھ رہی تھیں کہ ان پر پہاڑ ٹوٹ پڑا۔

* ان کے والد منگولوں سے لڑتے ہوئے شہید ہوئے۔ والد کی بے وقت موت نے انھیں غمزدہ کر دیا۔

* لیکن نانا عماد الملک نے ان کے شوق کی پذیرائی کی نانا کے کے انتقال کے بعد پھر وہ نا امید کا شکار ہوئے۔

یا

* پرنسپل بھرت نارائن جی تمام عمر اولاد آدم کو ایک آنکھ سے دیکھا تھا۔

* ان کو یقین تھا کہ انسان جنت سے نکالے آدم کی اولاد ہے۔

* اور یہ عقیدہ تقریباً ہے ہر مذہب مین کسی نہ کسی شکل میں موجود تھا۔

* کرموں کا پھل، جزا اور سزا اور جنت اور دوزخ بھرت نارائن جی سب کو مانتے تھے۔

* ان کو یقین تھا کہ انسان ایک ہی مہاتما سے جڑے ہوئے ہیں جس نے ان کو مٹی کا جسم دیا ہے۔

* جسم اور روح کی تقدیس انسان کی تہذیب ہے۔ جیسے شیطان مٹا چاہتا ہے۔

* ان کا برتاؤ ذات پات مذہب سب سے بے نیاز تھا۔ تمام عمر نئی نسلوں کے درمیان گزار کر وہ بڑھاپے میں بھی جوان تھے۔

43. درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھئے اور نیچے دئے گئے سوالات کا جواب لکھئے۔

سر سید احمد نے 1817ء کو دلی کے ایک معزز گھرانے میں پیدا ہوئے۔ سر سید احمد کا اصلی نام سید احمد تھا اور "سر" کا خطاب انہیں سرکار سے ملا تھا۔ سر سید کی ابتدائی تعلیم ان کے والدہ اور نانا کی سرپرستی میں گھر پر ہوئی۔ اور ساری عمر سر سید نے قوم وملت کی خدمت میں گزار دی۔ انہوں نے مخالفتوں کی پرواکئے بغیر انگریزی تعلیم پر اصرار کیا اور وقت کی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے اپنی قوم کو تعلیم حاصل کرنے کے لئے راغب کیا۔ ملت میں تعلیمی بیداری پیدا کر کے اِس کی ذہنی پسماندگی کو دور کیا۔ سر سید نے پہلی جنگ کے بعد " اسبابِ بغاوتِ ہند" کے نام سے ایک رسالہ لکھ کر ان تمام الزامات کو رد کیا جو انگریزی سرکار نے ہندوستانیوں پر عائد کئے تھے۔ سر سید نے خود حکومت کی ملازمت میں رہ کر جس دلیری و حقیقت پسندی کا ثبوت دیا اسے دیکھ کر انگریز حیران ہو گئے۔ سر سید اپنے وقت کے بہت بڑے لبرل رہنما تھے۔ جنہوں نے یہ کہا تھا کہ "میں ہندوستان کو دلہن سمجھتا ہوں، ہندو اور مسلمان دونوں قومیں اس دلہن کی دو آنکھیں ہیں۔

سوالات:

i) سر سید کا اصلی نام کیا ہے اور " سر" کا خطاب کس نے دیا تھا؟

Turn Over]

12-U

ii) سرسید نے ہندوستان کے متعلق کیا کہا تھا؟

جواب: i)

* سرسید کا اصلی نام سید احمد تھا۔

* سر کا خطاب انہیں سرکار سے ملا۔

ii)

* ہندوستان کو دلہن سمجھتا ہوں،

* ہندو اور مسلمان دونوں قومیں اس دلہن کی دو آنکھیں ہیں۔

VII. خط کی اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درج ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے۔ 1X5=5

44. اپنے میر معلم / معلمہ کے نام ایک خط لکھئے، جس میں کوئی وجہ بتا کر دو دن کی چھٹی کی درخواست کی گئی ہو.

یا

اپنے والد / والدہ کے نام ایک خط لکھئے، جس میں سالانہ امتحان کی فیس کا ذکر ہو۔

جواب:

منجانب: عطہر فردوس ڈانگی

از: اپن میٹگری؛ تعلقہ دھارواڑ

تاریخ 24 اگست 2026

بخدمت: میر معلم صاحب

گورنمنٹ سردار ہائی اسکول بیگاوی۔

السلام وعلیکم !

موضوع: دو دن کی چھٹی کی درخواست۔

دیگر عرض یہ ہے کہ میں دسویں جماعت کا زیر تعلیم ہوں، ہمارے والدین اور ہم ہمارے رشتے دار میں شادی کو جا رہے ہیں۔ اس لئے میں دو دن اسکول غیر حاضر رہوں گا۔ لہذا مجھے بتاریخ 25 اگست 2026 تا 26 اگست 2026 تک دو دنوں کی چھٹی منظور کریں، عین نوازش ہو گی۔

آپ کی شاگردہ

عطہر فردوس ڈانگی

Turn Over]

12-U

یا

منجانب: فرقان۔ایم۔ڈانگی

از؛اپن بیٹگری؛تعلقہ،دھارواڑ

تاریخ: 10نومبر 2026

بخدمت محترم والد صاحب

اسلام وعلیکم

بعد عرض گذارش یہ ہے کہ میں یہاں پر خیریت سے ہوں،اُمید ہے کہ آپ خیریت ہونگے۔آج ہی اسکول میں ہیڈماسٹر صاحب نے نوٹیس جاری کی ہے کہ سالانہ امتحان کی فیس710روپیہ جمع کرنے ہدایت دی ہے۔اس کی آخری تاریخ 30نومبر 2026ہے جلد از جلد روانہ کرنے کی کوشش کریں،توعین نوازش ہوگی۔

VIII. کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے۔ 1X5=5

45. i) قومی یکجہتی

یا

ii) تعلیمی میدان میں انٹرنیٹ کا استعمال

جواب: i) قومی یکجہتی

تمہید : کوئی شعر یا فقرہ

نفس مضمون: قومی یکجہتی کے معنی،

قومی یکجہتی کی اہمیت۔

خاتمہ اختتام: اعادہ اپنی ذاتی رائے کا اظہار

تمہید : کوئی شعر یا فقرہ۔

نفس مضمون : تعلیم کی اہمیت

انٹرنیٹ کی اہمیت۔

تعلیم میں انٹرنیٹ کی اہمیت۔

خاتمہ / اختتام: اعادہ اپنی ذاتی رائے۔

Turn Over]